سرائیکی دیوان
سچل سرمست

سرائیکی دیوان

سچل سرمست

ترتیب و ترجمہ

صدیق طاہر

پاکستان فاؤنڈیشن

۶۵۔ شاہراہِ قائدِ اعظم لاہور

طابع .... پاکستان فاؤنڈیشن ۶۵۔ شاہراہ قائد اعظم لاہور

ناشر .... ریاض انور سیکرٹری جنرل پاکستان فاؤنڈیشن

مطبع .... نقوش پریس لاہور

بار اول ۱۹۷۸ء

سرورق .... موجد

کتابت .... فقیر نور جعفری

قیمت .... [illegible] روپے

فہرست مضامین

پیش لفظ

حضرت سچل سرمستؒ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ آپ وادی سندھ کے عظیم المرتبت صوفی بزرگ اور فارسی، سندھی اور سرائیکی کے نادر الکلام شاعر ہیں۔ ان کا مزار مرجع خاص و عام ہے۔ اور ان کا سندھی اور سرائیکی کلام شہر شہر اور بستی بستی میں اہل صفا اور اہل دل میں یکساں مقبول ہے۔ ان کے کلام کی شیرینی اور معنی کی گہرائی پر لوگ سر دھنتے ہیں۔ اور موسیقی کی لہروں میں ڈھل کر جب دل میں اترتا ہے۔ تو سننے والوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ صوفی شعراء کا کلام وادی سندھ کی فکری یکجہتی کا آئینہ دار ہے۔ شاہ لطیفؒ اور سچل سرمستؒ سے لیکر خواجہ فریدؒ تک آپ کو حسن و خیر کی ایک ہی لہر رواں دواں نظر آئے گی۔ انہی بزرگوں کے فکر و نظر کے باعث پاکستان کے مختلف خطوں اور زبانوں کے درمیان ایک سا تصور حیات نظر آتا ہے۔ ان شعراء کے کلام کی ترویج دراصل قومی یکجہتی کو مضبوط تر کرنے کی ایک اہم کوشش کے مترادف ہے۔ پاکستان فاؤنڈیشن کا بنیادی مقصد پاکستانی قومیت اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہے۔ اسی مقصد کے پیش نظر ہم حضرت سچل سرمستؒ کا سرائیکی دیوان آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ سچل سرمستؒ کا سرائیکی کلام سندھ کے مختلف اداروں نے سندھی رسم الخط میں شائع کیا ہے لیکن سندھی رسم الخط سے عدم واقفیت کی بناء پر سندھ سے باہر سرائیکی عوام ان کے کلام سے استفادہ کرنے سے معذور تھے۔ اور یہ ان کا دیرینہ مطالبہ تھا۔ کہ سچل سائیں کے کلام کو سرائیکی رسم الخط میں شائع کیا جائے۔ اسکے علاوہ سچل کا کلام اردو ترجمہ کے ساتھ کسی نے شائع کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ کہیں کہیں آپ کو انکے کلام کا منظوم اردو ترجمہ مل جائیگا۔ لیکن ان کے دیوان کو کسی منصوبے کے تحت اردو میں منتقل کرنے کی کبھی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ حالانکہ بہت سے غیر سرائیکی دانشوروں کا تقاضہ رہا ہے۔ کہ ان کے کلام کا اردو ترجمہ شائع کیا جائے۔ تاکہ انہیں انکے خیالات تک رسائی ہو سکے۔ اور وہ اس پر تحقیق کر سکیں۔

ان تقاضوں کو پورا کرنے اور سچل سائیں کے کلام کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر روشناس کرانے کیلئے ہم نے صدیق طاہر سے استدعا کی۔ کہ وہ اس مشکل کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ہمارا ہاتھ بٹائیں۔ مجھے خوشی ہے۔ کہ انہوں نے یہ کام بہت ہی قلیل وقت میں اور بہت ہی محنت کے ساتھ سر انجام دیا ہے جس کیلئے ہم ان کے انتہائی شکر گذار ہیں۔ مجھے امید ہے۔ کہ سچل سائیں کے کلام کو سمجھنے کیلئے یہ کتاب بہت مفید ثابت ہوگی

(ریٹائرڈ) جسٹس سردار عبدالجبار خان
چیئرمین پاکستان فاؤنڈیشن

عرض حال

حضرت سچل سرمستؒ ملک کے عظیم المرتبت صوفی شعراء کے سرخیل ہیں۔ جنہوں نے کئی زبانوں کو ذریعہ اظہار بنایا۔ اور مطالب کو عام فہم اور آسان لہجہ میں بیان کیا ہے۔ وحدت الوجود کے نظریہ کی عوامی زبانوں میں تشریحات خاص طور پر دلچسپ ہیں۔ کہ انہوں نے عوامی لوک داستانوں کی تلمیحات کو بڑی وسعت کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ مثلاً حضرت سچل سرمستؒ نے ہیر اور رانجھا کے رومان کے کرداروں کو اس کثرت کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ کہ ان کے کلام مرتبین نے ہیر رانجھا کے عنوان سے ان کے کلام کا الگ باب باندھا ہے۔ حضرت سچل کے سرائیکی کلام کا ایک بہت بڑا حصہ سندھ میں چھپ چکا ہے۔ لیکن اپنی مقبولیت کے باوجود سندھ سے باہر ان کا کلام زیور طباعت سے آراستہ نہ ہو سکا۔ یہ کتاب اس کمی کو پورا کرنے کی ایک کوشش ہے

اس سلسلہ میں جناب ریاض انور اور جناب میر حسان الحیدری کے مشوروں اور رہنمائی کیلئے میں ان کا شکر گذار ہوں

جہاں تک اردو ترجمہ کا تعلق ہے۔ اس میں کلام کا مکمل مفہوم ضبط تحریر میں لانے کی کوشش کی گئی ہے۔ تشریح اور تفسیر کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ جہاں تک رسم الخط کا تعلق ہے حضرت سچل سرمست کا سرائیکی کلام سندھی رسم الخط میں شائع ہوتا رہا ہے۔ حالانکہ جملہ سرائیکی مطبوعات اپنے مخصوص حروف تہجی کے اضافے کے ساتھ اردو رسم الخط میں شائع ہو رہی ہیں۔ اس لئے غیر سرائیکی احباب کی سہولت کیلئے اس زبان کے مخصوص حروف ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

ٻ ۔ ٻاھ بمعنی بازو   ݙ ۔ ݙلھ بمعنی مٹی کا ٹکڑا   ڻ ۔ گھاڻی بمعنی کولھو

ج . جنگھ معنی ٹانگ   گ . گاری . معنی پھندا

امید ہے . قارئین اپنی قیمتی آراء سے آگاہ کر کے ممنون فرمائیں گے . خاص طور پر ترجمے کے بارے میں آپ کی آراء کا شدت سے منتظر رہوں گا . ممکن ہے مجھ سے کہیں کوتاہی ہو گئی ہو . اور میں کسی شعر یا لفظ کا صحیح مفہوم منتقل نہ کر سکا ہوں . ایسے الفاظ یا اشعار کی نشان دہی ضرور کیجئے . تاکہ آئندہ دوسرے ایڈیشن میں درست کر دی جائے

شارح شیخ زید . رحیم یار خاں

میاں صدیق طاہر
۱۵ مئی ۱۹۰۶ء

حضرت سچل سرمستؒ

زندگی اور شاعری

سندھ کے صوفی شعراء میں شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے بعد سچل سرمستؒ سب سے زیادہ مقبول عوامی شاعر ہیں . اور آپ کی وسعت اظہار کا یہ عالم ہے . کہ آپ نے سندھی زبان کے علاوہ سرائیکی . ہندی اردو اور فارسی زبانوں کو بھی اسی کامیابی کے ساتھ میدان سخن بنایا ہے . کہ ان کی قدرت کلام اور پرگوئی کا امتیاز ہر جگہ یکساں طور پر قائم ہے . عوام میں ان کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے . کہ موصوف کی وفات کے تقریباً ڈھائی سو سال بعد آج بھی عقیدت مندوں کا ایک اژدہام ہر وقت درازا ضلع خیرپور میں آپ کے مزار پر موجود رہتا ہے . اور رمضان المبارک میں عرس کے دنوں میں ہر مذہب و خیال کے ہزاروں عقیدت مند دور دور سے آ کر مزار پر حاضری دیتے ہیں اور سکون قلب حاصل کرتے ہیں

سچل کا خاندان . سچل سرمستؒ جن کا اصل نام عبدالوہاب تھا . ۱۱۵۲ھ مطابق ۱۷۳۱ء میں پیدا ہوئے . آپ کے دادا حضرت میاں صاحب ڈنہ نہایت متقی اور پرہیزگار بزرگ تھے . جن کی فضیلت کا شہرہ دور دور تک تھا . ان کے دو صاحبزادے میاں صلاح الدین اور میاں عبدالحق تھے . اپنے والد میاں صلاح الدین کے انتقال کے وقت سچل سرمستؒ کی عمر صرف چھ سال تھی . چنانچہ سچل کی پرورش ان کے چچا میاں عبدالحق نے کی جنہیں بعد میں آپ نے اپنا مرشد اور رہنما بنا لیا اس کا ذکر آپ نے اپنے کلام میں جگہ جگہ اسی طرح کیا ہے . جیسے حضرت خواجہ غلام فرید نے اپنے برادر بزرگ

اور مرشد فخر الدین کا ذکر اپنے کلام میں اکثر مقامات پر آتے ہیں۔ سچل نام بھی میاں عبدالحق نے دیا تھا
جسے انہوں نے اپنا لیا۔ اور سچل، سچو، سچیڈنو اور سچو شعروں میں بطور تخلص استعمال کیا۔ البتہ ہندی اشعار
میں انہوں نے خدائی اور آشکار دو مختلف تخلص اختیار کیے۔ لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ آج عبدالوہاب
خدائی یا آشکار سے تو واقف نہیں۔ البتہ سچل سرمستؒ کو دنیا جانتی ہے۔ اور سندھ میں متعدد
ممتاز تعلیمی اور رفاہی ادارے ان کے نام سچل سرمست کے نام پر رکھے گئے ہیں

سچل سرمستؒ کا سلسلہ نسب ۳۶ ویں پشت میں حضرت عمر فاروقؓ سے ملتا ہے
معتبر روایات کے مطابق سچل سرمستؒ کے جد امجد شیخ شہاب الدین فاروقی عرب سے فاتح سندھ
محمد بن قاسم کے ساتھ تھے۔ اور محمد بن قاسم نے فتح سیوستان (سیوہن) کے بعد ان کو وہاں کا گورنر
مقرر کیا۔ جہاں ان کا انتقال ۹ محرم ۹۵ھ میں ہوگیا۔ بعد ازاں گورنری کا عہدہ پشت بہ پشت
منتقل ہوتا رہا۔ یہ سلسلہ محمود غزنوی کے حملہ تک جاری رہا۔ اس خاندان کے دو افراد شیخ بدرالدین
اور ابو سعید سیوہن شریف سے ہجرت کر کے قصبہ کالڑی میں مقیم ہوئے۔ اور عرصہ دراز تک عبادت
و ریاضت فرمائی۔ روایت ہے۔ کہ حضرت غوث بہاء الحق ذکریاؒ ملتانی جب سندھ تشریف
لائے۔ تو ان دونوں بھائیوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔

ابتدائی تربیت سچل سرمستؒ بچپن ہی سے سادہ مزاج اور خلوت پسند تھے۔ تعلیم کی
طرف بہت توجہ تھی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم حافظ محمد عبداللہؒ سے لی۔ جن کا مزار آپ کے روضہ کے اندر
ہے۔ آپ نے جلد ہی قرآن مجید حفظ کر لیا۔ دینی تعلیم و ہدایات اپنے بزرگ دادا حضرت صاحب ڈنہؒ
سے حاصل کی۔ ان کی وفات کے بعد میاں عبدالحق مسند نشین ہوئے۔ تو آپ نے انہی سے بیعت کر لی

حضرت سچل سرمستؒ ابتدا میں صوم و صلوٰۃ کے بہت پابند تھے۔ مگر بعد میں صوم صلوٰۃ
کی یہ پابندی وجد و استغراق میں محو ہوگئی۔ شکار کھیلنا پسند نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی کبھی کوئی جانور

اپنے ہاتھ سے ذبح کیا۔ آپ خانگی زندگی سے بھی آزاد رہنا چاہتے تھے۔ شرعی حدود کی تکمیل کے
لیے آپ کے بزرگ چچا اور مرشد نے اپنی صاحبزادی آپ کے عقد میں دے دی۔ مگر آپ لاولد ہی رہے

حضرت سچل سرمستؒ کی ولایت کے بارے میں بھی مختلف روایات ہیں۔ ابھی بہت کم عمر
تھے۔ کہ شاہ لطیف بھٹائیؒ نے آپ کو دیکھا۔ اور کہا۔ کہ عشق کی جو دیگ ہم نے چڑھائی ہے۔ یہ
بچہ اس کا ڈھکنا کھولے گا۔ مرزا علی قلی بیگ اور مولانا محمد صادق رانے پوری نے بھی اس روایت
کی تصدیق کی ہے۔ مولانا لطف اللہ شکارپوری نے "تذکرہ لطیفی" میں لکھا ہے :-

"بہاولپور کے ایک بزرگ حضرت محکم الدین سیرانیؒ اس طرف سے گزرے۔ مولانا عبدالحق
نے سچل سرمست کو ان کے خیر مقدم کیلئے بھیجا۔ حضرت محکم الدین سیرانی نے ان کو دیکھ کر گھوڑا روک لیا
اور کہا۔ کہ آپ ہمارا استقبال کرنے آئے ہیں۔ تو ہم بھی آپ کو تحفہ دینگے۔ یہ کہہ کر آپ نے سارنگی سے ایک
تار نکالا۔ سچل کے سینہ پر پھیر دیا۔ کہتے ہیں۔ اسی وقت آپ پر جذب و مستی کی کیفیت طاری ہوگئی۔
وہیں سے آپ کی شاعری کا آغاز ہوتا ہے۔ گویا حضرت محکم الدین سیرانی نے ایک اشارے سے سچل کو سرمست بنا دیا"

سچل سرمست کی شاعری تذکرہ نگار اس بات پر بھی متفق ہیں۔ کہ سچل سرمستؒ نے پندرہ برس
کی عمر میں شعر کہنا شروع کئے۔ اور پچھتر برس یعنی وفات کے دم تک شعر کہتے رہے۔ اور حقیقت یہ ہے
کہ سندھ کا کوئی بھی شاعر ایسا نہیں ہے۔ جس نے مختلف زبانوں میں اس کثرت سے شعر کہے ہوں
اور اتنا سرمایہ سخن چھوڑا ہو۔ عام روایت یہ ہے۔ کہ آخر عمر میں سچل سرمست نے اپنے کلام کا ایک
بہت بڑا حصہ اس خیال سے ضائع کر دیا۔ کہ لوگ اسے سمجھ نہیں سکیں گے۔ اور گمراہ ہونگے۔ پھر بھی
نامور محقق مرزا علی قلی بیگ کی تحقیق کے مطابق سچل سرمست نے رحلت کے وقت نو لاکھ ۳۶ ہزار
چھ سو چھ اشعار پر مشتمل ذخیرہ کلام چھوڑا جس سے ان کا ذخیرہ کلام مندرجہ ذیل مطبوعہ اور غیر مطبوعہ
کتابوں کی شکل میں موجود ہے :-

۱۔ سندھی و سرائیکی کافیاں ڈوہڑے ۲۔ قتل نامہ سندھی ۳۔ مرغ نامہ سندھی
۴۔ وحدت نامہ سندھی ۵۔ اردو غزل ۶۔ جھولنا اور گھڑو لیالہ۔ سندھی مرثیہ
۸۔ دیوان آشکار فارسی ۹۔ راز نامہ فارسی ۱۰۔ وحدت نامہ فارسی ۱۱۔ رہبر نامہ فارسی
۱۲۔ گداز نامہ فارسی ۱۳۔ وصلت نامہ فارسی ۱۴۔ تار نامہ فارسی ۱۵۔ ساقی نامہ فارسی
۱۶۔ بحر طویل فارسی

سچل سرمستؒ کا کلام محبت و سوز۔ درد و گداز۔ جذب کیف اور موج و مستی کے فلسفہ کا ایک لازوال سرمایہ ہے۔ کہتے ہیں جب آپ پر جذب و مستی کی کیفیت طاری ہوتی۔ تو بے اختیار آپ کے آنسو جاری ہو جاتے۔ اور آپ شعر کہنے لگتے۔ اس وقت جو طالب یا کاتب موجود ہوتا لکھتا جاتا۔ فلسفہ حیات۔ انسانی ارتقاء و تنزلی۔ جذبہ عشق و معرفت و بے خودی اور جمال ازلی کے سربستہ رموز اس طرح بیان کرتے ہیں۔ کہ سامع یا قاری پر بھی اسی طرح کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے

آپ کی شاعری کا بنیادی فلسفہ وحدت الوجود ہے جس کا ذکر انہوں نے بار بار کیا ہے۔
سچل سرمست کے بعض اشعار میں تو یہ توضیح بھی ملتی ہے۔ کہ انہوں نے تبلیغ حق اور تصوف کے فروغ کیلئے شاعری کو ذریعہ اظہار بنایا ہے۔ آپ کے کلام میں نفی و اثبات و فنا و بقا۔ ذکر و فکر حال و قال ہمہ اوست اور وحدت الوجود جیسے مسائل کی تشریحات موجود ہیں۔ بعض نقادوں نے ان کے مسلک فکر کو ایک استفہامیہ قرار دیا ہے

کہتے ہیں۔ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ نے اپنے ایام ضعیفی میں جب سچل کا کلام دیکھا۔ تو انہیں اپنا جانشین ہونے کی بشارت دی۔ اور واقعہ بھی یہی ہے۔ کہ فکر و فلسفہ کے اعتبار سے شاہ لطیف بھٹائیؒ نے جس منزل کی جستجو کی۔ ان کے بعد سچل سرمست نے انہی کے مقاصد کو تکمیل پہنچانے کا بیڑا اٹھایا۔ یوں بھی سچل نے شاہ لطیف بھٹائیؒ کے تتبع میں جن لوک کہانیوں سسی پنوں

عمر ماروی۔ مومل رانو۔ ہیر رانجھا۔ سوہنی مہینوال اور نوری جام تماچی کی تلمیحات استعمال کیں اور کافیوں میں کیف سرود کے دریا بہا دیئے۔

دراصل سچل سرمست نے تاریخ سندھ کے ایک پر آشوب دور میں آنکھیں کھولیں۔ اور ان کا عہد مصائب کا عہد ثابت ہوتا رہا۔ آپ نے کلہوڑا خاندان کا زوال اور تالپوروں کے اقتدار کا سورج طلوع ہوتے دیکھا۔ میر صاحبان راجپوتوں سکھوں داؤد پوتروں کی لڑائیاں ان کے سامنے ہوتی رہیں خوف و ہراس کے اس ماحول میں فرنگی سیاست کو قدم جمانے کا موقع ملا۔ اسکے باوجود تالپور حکمران درازشریف اور بالخصوص سائیں سچل سرمستؒ سے گہری عقیدت رکھتے تھے۔ یہ بالکل اسی طرح جیسے سابق ریاست بہاولپور کے عباسی فرمانروا سرائیکی تخت مولوی لطف علی کے قدردان تھے اور اس زبان کے امراؤ القیس حضرت خواجہ غلام فریدؒ سے خصوصی ارادت رکھتے تھے

ڈاکٹر داؤد پوتا مرحوم کے الفاظ میں ان مادی اور نظری عوامل نے آپ کے کلام کو عین ہیجان کا آئینہ بنا دیا۔ اور اس سے بیخودی اور مستی اس طرح اجاگر ہوتی ہے۔ جیسے آپ نے وجد میں آکر رقص کرتے ہوئے اشعار کہے ہوں۔ سندھی ادبی تاریخ کے مؤلف محمد صدیق میمن نے سرمست کے فلسفہ کلام پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا۔ کہ سچل سرمست دین اور بے دینی اور کفر اور اسلام کے درمیانی پردے عشق حقیقی کی آتش میں پھونک دیتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے۔ کہ سچل سرمست کی شاعری فطرت کی منظر کشی اور انسانی جذبات و محسوسات کی ترجمانی کے علاوہ ایک ورائی لگن اور ازلی و ابدی حقائق کی مسلسل جستجو بھی ہے۔ کبھی وہ سوچتے ہیں۔ کہ میں کیا ہوں۔ اور یہ رقص و بارا کیا ہے۔ خوب و زشت اور جبر و اختیار کا معمہ آخر کیا ہے! اور اگر حسن کُل حسن ازلی کا پرتو ہے۔ تو پھر کفر و ایمان کے امتیازات کیسے! اس جستجو نے آپ کو آفاقی مسائل کی گتھیوں میں الجھا دیا جس کا ایک نتیجہ یہ ہوا۔ کہ مذہب کی قیود اور جامد و ساکت اختلافات اور تعصب نے آپ کو مذہب سے برگشتہ کر دیا۔ اور وحدت الوجود کے اس مفکر کثرت و وحدت

کے فلسفے کے شارح اور انا الحق کے داعی نے جملہ قیود کو خیرباد کہہ کر محبت و عشق کا مسلک اپنا لیا۔ ایک جگہ کہتے ہیں۔ کہ اپنے آپ کو اپنی صورت سے پہچانو۔ اللہ اللہ کیوں کرتے ہو۔ اپنے آپ کو ہی اللہ جانو۔ تم ہی سننے والے ہو۔ تم ہی دیکھنے والے ہو۔ اسکی گواہی قرآن دے رہا ہے۔ اس سلسلے میں کوئی شک و گمان ہی نہیں۔ دوسری جگہ کہتے ہیں

اگر خود را خدا دانی خدائی
اگر خود را گدا دانی گدائی

آپ کے ان نظریات اور کسی ایک مذہب کے فرائض و قیود سے آزادی نے آپکو غیر مسلم آبادی میں بھی مقبول بنا دیا۔ چنانچہ اب تک کثیر تعداد میں ہندو عقیدتمند ہر سال آپکے مزار پر حاضری دیتے ہیں۔ اور آپکے نامور سوانح نگار پرس رام ہندو ہی ہے

برصغیر میں صوفیائے کرام میں وحدت الوجود میں یقین رکھنے والے بہت سے نامور شعرا ہوئے ہیں جنہوں نے ادبی و علمی زبانوں کے علاوہ مقامی اور عوامی زبانوں کو ذریعہ اظہار بنا کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ اور صدیاں گذر جانے کے باوجود ان کے مزارات مرجع خلائق اور ان کے اشعار مقبول عام ہیں۔ ان صوفی شعرا نے اکثر ایک دوسرے کے علم و فکر سے اپنی شمع کو روشن کیا ہے۔ اور اس طرح مختلف صاحب نظر کا ایک سلسلہ شروع کر دیا ہے۔

باہو۔ سچل اور خواجہ فرید

سچل سرمست اگرچہ اپنے بزرگ چچا کے مرید تھے۔ اور انہیں کو اپنا مرشد بنایا تھا۔ اور وہ اپنے والد حضرت صاحب ڈنہ سے منسلک تھے۔ مگر ذرا مفصل مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس سلسلہ فکر کے پنجاب کے صوفیا کا بہت بڑا اثر ہے۔ بالخصوص اس خانوادہ معرفت و سلوک نے سلطان العارفین حضرت سلطان باہو کے فلسفہ و فکر سے بہت استفادہ کیا۔ رشید لاشاری مرحوم نے اس تعلق کی تحقیق بھی کی تھی۔ چنانچہ انہوں نے مخطوطہ۔ مخادیم کھیڑا کے حوالے سے ایک طویل مقالہ مطبوعہ اختر ملتان جنوری فروری ۱۹۷۲ء میں اسی تعلق پر روشنی ڈالی ہے۔ اور حضرت سلطان باہو کے خلیفہ خاص حضرت مومن شاہ

گھوٹکی والا اور مخدوم عبدالرحمن کھیڑا کے اس میں گہرے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ مومن شاہ ہر چوتھے مہینے مخدوم صاحب کے ہاں آیا کرتے تھے۔ اور دونوں بزرگ درازا شریف میں حضرت سچل سرمست کے دادا حضرت صاحب ڈنہ کے پاس جاتے۔ اور معرفت و سلوک کے مسائل زیر بحث لائے جاتے جن میں حضرت مومن شاہ اپنے مرشد حضرت باہو کے افکار و اشعار بطور حجت پیش کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ حضرت باہو کا کلام اس خانوادہ عالیہ کے زعماء کو متاثر کرتا رہا۔ اور حضرت سرمست کے بعض ڈوہڑوں میں سلطان باہو کے کلام کا بہت اثر ملتا ہے۔ مثلاً

سلطان باہو ......
نماز دا پڑھنا کم زنانہ روزہ صرفہ روٹی — مکے دے ول سوئی جاندے جو کاہل کم توڑی
ودول تسبی سوئی پڑھدے نیت جنہاں دی کھوٹی — میں قربان انہاں توں باہو جنہاں گھر وچ لئی کوٹھی

ترجمہ ......
نماز کی عبادت عورتوں کا کام ہے۔ اور مکہ معظمہ کا سفر وہی لوگ کرتے ہیں۔ جو کام چور ہیں کھوٹی نیت والے لوگ ہی بار بار تسبیح پڑھتے ہیں۔ باہو میں ان لوگوں پر قربان جن کو گھر میں خلوت کا حجرہ میسر ہے

حضرت سچل سرمست ......
کیہیں کعبے کیہیں قبلے ایہ تاں سب بہانے
کعبے دی کیوں نیت آناں پیر میڈا بتخانے
سچل آپ سائیاں فرمایا ہو وو حق مستانے

ترجمہ ......
کیا کعبہ اور کیا قبلہ یہ سب بہانے ہیں۔ میں کعبہ کی نیت ہی نہیں کر سکتا۔ کیونکہ میرا مرشد تو بتخانے میں ہے۔ اے سچل حضور نے فرمایا۔ کہ ذکر حق میں مست رہو

حضرت سلطان باہو ......
ناہیں جوشی ناہیں جوگی ناہیں چلہ کمایا
ناہیں بھج مسیتیں وڑیا ناہیں تسبا کھڑکایا
جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہ فرمایا
مرشد سوہنڑے سوہنڑی کیتی باہو اک پل وچہ بخشایا

ترجمہ .... میں نہ جوتشی ہوں ۔ نہ جوگی ہوں ۔ نہ ہی میں نے چلہ کشی کی ہے ۔ نہ کبھی بھاگ کر مسجد میں گھسا ہوں ۔ نہ کبھی بڑی سے بڑی تسبیح کی نمائش کی ہے ۔ جو دم غافل رہا ۔ سو دم کافر سمجھو کیونکہ مرشد اور رہبر کا یہی فرمان ہے ۔ اور مرشد نے کیا خوب ہی کیا ۔ کہ دل میں بخشش کرا دی

حضرت سچل سرمستؒ .... ہک ڈیہاڑے مرشد میتوں آپ اینویں فرمایا
ایہو طریقہ وحدت والا سانوں بہوں خوش آیا
جو دم غافل سو دم کافر سانوں ایہ فرمایا
سچل گالھ عشق دی سچی بیا سبھ پندھ اجایا

ترجمہ .... ایک دن میرے مرشد نے یوں فرمایا ۔ کہ ہمیں صرف وحدت کا طریقہ پسند ہے ۔ کیونکہ جو دم غافل رہتا ہے ۔ سو دم کافر سمجھو ۔ حکم یہی ہے ۔ اے سچل صرف عشق کی بات اچھی ہے ۔ باقی سب سفر بے سود ہے

معنوی تطابق کے علاوہ آخری ڈوہڑے کے تیسرے مصرعہ میں تو لفظی یکسانیت بھی قابل توجہ ہے ۔ علاوہ ازیں سچل سرمست کی شاعری سے بعد کے شعرا نے بھی فیض پایا ۔ دورِ جدید کے نامور سرائیکی شاعروں نے خاص طور پر سچل سرمست اور ان کا تتبع کرنے والے سندھی شعرا کو نمونہ بنایا ہے ۔ مولوی لطف علی نے جو سرائیکی شاعری کے دورِ جدید کے اولیں شعراء میں سے ہیں ۔ سچل سرمست کے گلزارِ سخن سے بھی خوشہ چینی کی ۔ اور حمل فقیر لغاری سے بھی استفادہ کیا ۔ آپ کا کلام جو سندھ ، بہاولپور اور ملتان کے لاکھوں قدردانوں کے پاس منتشر حالت میں موجود ہے ۔ اس بات کی زندہ شہادت ہے ۔ سندھ کے معروف ڈاکٹر نبی بخش خاں بلوچ نے کلیاتِ حمل" کے دیباچہ میں ان کے اثرات کا مفصل جائزہ لیا ہے ۔ یہی حال خواجہ غلام فرید کی شاعری کا بھی ہے ان کے کلام میں بھی سچل سرمست اور دوسرے سندھی شعراء کے کلام کے اثرات نمایاں ہیں ۔ اس کا

ایک سبب تو یہ ہے ۔ کہ جس کی نشاندہی مولانا عزیز الرحمٰن نے دیوانِ فریدؒ کے دیباچہ میں کی ہے ۔ یعنی خواجہ فریدؒ کے سامنے اپنی زبان کے کلام کا کوئی جدید معیاری نمونہ موجود نہ تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ شاہ لطیف بھٹائیؒ اور سچل سرمستؒ کا کلام اکثر ان کے زیرِ نظر رہا

مزید براں مولانا محمد صادق رانی پوری نے جن کے والد مولانا صادق عرف ملا صادق خواجہ غلام فریدؒ کے مرشد حضرت فخر الدین کے مرید تھے ۔ سچل سرمست جو سرائیکی کلام مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ کے دیباچہ میں ایک درحقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے ۔ وہ بتاتے ہیں ۔ خواجہ فریدؒ کے ایک مرید نواب قیصر خان مگسی والی ریاست جھل بلوچستان جب اپنے مرشد کے ہاں چاچڑاں شریف آتے تو اپنے ہمراہ سندھ کے موسیقار بھی لے آتے تھے ۔ جو حضرت خواجہ کو صوفی شعراء بالخصوص حضرت سچل سرمست کا کلام سناتے تھے ۔ یہی وجہ ہے ۔ کہ خواجہ غلام فرید کے کلام میں بعض ایسی کافیاں موجود ہیں ۔ جو حضرت سچل سرمست کے کلام کا عکس معلوم ہوتی ہیں مثلاً

حضرت سچلؒ .... ذرّیتی پئی لگی سارو جگ تہ بہ جا تیو
ناھیں میحتاہ مطلب

خواجہ فریدؒ .... نفسی تابع خلقت سب تاں ڈوئی کیا تھی پیا
ہن گم تھیوں مطلب

حضرت سچلؒ .... آدِ چو ڈکھ کاٹ جیائی آھیاں
سو دن کان سمائی آھیاں

خواجہ فریدؒ .... ڈکھڑیں کارن جائی ہم
سولیں سانگ سمائی ہم

حضرت سچلؒ .... پانڑ کریاں جی بدذو کرن شرمئی قتلام

جُدا جماعت کان آهيان پاڻ امام
دم نہ اگيون دين تي کفر نہ کو اسلام
فارغ آهيان فرض کان سنت کي سلام
سچو آهيان سچ ۾ نا هي حلال حرام

خواجہ فرید ...... دستوں پیر فرید دے پیتم عشق دا جام
گزرے فرض فریضے سنت کوں بھی سلام

حضرت سچل سرمست کی زندگی اور ان کی تعلیمات کے بارے میں متعدد کتابوں کے مؤلف قاضی علی اکبر درازی نے آپ کے عربی کلام کا بھی ذکر کیا ہے۔ راقم کو موصوف کے عربی شعر دیکھنے کا موقع نہیں ملا۔ تاہم آپ کی فارسی شاعری میں جگہ جگہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان کو خواجہ عطار سے بہت عقیدت تھی۔ ور کہتے ہیں۔ اے دلا خوشبوئے خوش عطار در جام رسید۔ ایک جگہ حضرت خواجہ عطار کے وطن مالوف کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں

اے صبا با حقیقت شہر نیشاپور کن ۔۔۔ مسکنم قرباں براں خاک زمیں ایں جان و تن

حقیقت یہ ہے۔ کہ آپ نے سندھی و سرائیکی شاعری میں کیفیت و کمیت دونوں اعتبار سے عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں۔ اس سے قطع نظر کہ آپ تصوف کے نوری مسلک کے پیرو اور مبلغ تھے۔ آپ نے سندھی اور سرائیکی زبانوں کو اظہار و تاثیر اور سوز و گداز کے خزانوں سے مالا مال کیا۔ ہیئت کے اعتبار سے بھی آپ کے اضافے دونوں علاقائی زبانوں میں نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ کافی کے جدید سانچے کی تشکیل میں آپ کی مساعی کو بہت دخل حاصل ہے۔ آپ نے اپنی کافیوں کو موسیقی کی رائج الوقت دھنوں کے مطابق نظم کیا۔ سندھی زبان میں مرثیہ گوئی کا آغاز کرنے کا سہرا بھی آپ کے سر ہے۔ کافی کے علاوہ آپ نے جو اصناف شاعری اپنائیں ان میں ابیات

غزل۔ مولود۔ مثنوی۔ سی حرفی۔ جھولنا گھڑولی۔ فرد۔ رباعی۔ مسدس مخمس اور مستزاد وغیرہ شامل ہیں۔ یوں تو آپ کا فارسی اور اردو کلام بھی فن کے لحاظ سے ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ لیکن آپ کی سندھی و سرائیکی کافیوں کا مطالعہ ایک خاص قسم کی دلکشی اور جاذبیت کا احساس دلاتا ہے۔ اور یوں معلوم ہوتا ہے۔ جیسے ان کے ہاں شاہ حسین کی سوز۔ بلھے شاہ کا وجد و مستی اور خواجہ فرید کا درد و سوز سب کچھ موجود ہے

فارسی اور عربی زبانوں کو اس دور میں علمی زبانوں کا درجہ حاصل تھا۔ اور سندھی و سرائیکی زبانیں عوامی احساسات کا ذریعہ اظہار تھیں۔ لیکن تعجب اس بات کا ہے۔ کہ سندھی کے اس درویش شاعر نے جو عمر بھر خیرپور سے باہر نہیں گئے۔ اردو ادب کو بھی مالا مال کیا ہے۔ آج سے کم و بیش ڈھائی سو سال قبل جب سندھ میں اردو سمجھنے والے شاذ ہی ملتے ہونگے۔ حضرت سچل نے نہ صرف یہ کہ اردو کا چراغ روشن کیا بلکہ گیسوئے اردو کو کچھ اس طرح سنوارنے کا اہتمام کیا۔ کہ عالم بیخودی میں ان کا کہا ہوا کلام جدید اردو زبان کی کسوٹی پر بھی پورا اترتا ہے

اردو شاعری ۔ زمانہ کے اعتبار سے حضرت سچلؒ اردو شعراء میں میر حسن۔ مرزا سودا۔ میر تقی میر اور خواجہ میر درد جیسے سخنوروں کے ہمعصر تھے۔ یہ اردو غزل کا سنہری زمانہ تھا۔ مگر اردو شاعری کے مراکز دہلی اور لکھنؤ ہی تھے۔ بایں ہمہ سندھ کے ایک گوشہ خیرپور میں قصبہ درازا کا یہ مجذوب درویش اردو تغزل کے سرمائے میں کیا کیا اضافے نہیں کر رہا تھا۔ سچل سرمست کے ہاں ہیئت کا تنوع ایک بنیادی خصوصیت ہے۔ غزل و نظم کی رنگینیاں بیخودی و مستی کے جذبات سے مملو ہو کر عجب کیفیت پیدا کرتی ہیں

میرے خیال میں تو وہ دیندار بھی نہیں
جو تیرے پائے ناز پہ سر خم نہ کر سکے

ابرو کمان دلبر مژگاں خدنگ خنجر
ہم نے انہوں کے آگے سینہ سپر کیا ہے

نیناں کو دیکھ کے پاؤں نالاحقوں بھی ہوا — کہہ دیا صاف کہ یہ مست تو ہوشیار نہیں
اتنی ہے بے نیازی اور بے رخی کہ سچل سے — اسکی گلی میں اکثر تم نے گذر کیا ہے
کیا خویش کیا قبیلہ سب سے جدا ہوا ہوں — میں تیں اٹھایا سر پر ہے کا بوجھ تمہارا
کنارا تھا نہ جس کا تو سچل اس بحر میں آیا — نگوں سار اس میں ہر اک ناخدا دیکھا تھا
عشق اب ڈول ہے زلیخا کا — اس سوں آگے ہے حیا دیں یوسف
اک دن بازار میں میں نے دیکھا عجب نظارہ — نقاروں کے ہاتھوں میں تھا اک بلبلہ بیچارہ
کیا ہے دل پہ میرے عشق نے نکما اپنا — تمام نقش وفا نقش کو اب سلام ہوا

آجا میرے پاس اے ساجن — آجا میرے پاس
میرے گناہ شمار سے باہر — مت کر تو تپاس
ہر صورت میں خود ہے سمایا — لاکھوں تیرے لباس
ہم بھی وہاں تجھ پہ فدا ہیں — دل میں تو کر قیاس
تیرے بغیر اے دلبر ہم کو — کچھ بھی نہ آیا راس
سچل آخر کون بجھائے — میرے دل کی پیاس

نہ میں گویا نہ میں جویا — نا میں سوال جواب
نہ میں خاکی نہ میں بادی — نہ میں آگ نہ آب
نہ میں جنی نہ میں انسی — نہ مائی نہ باپ

نہ میں سنی نہ میں شیعہ — نا میں عیب ثواب
نہ میں شرعی نہ میں ورعی — نہ میں رنگ رباب
نا میں ملا نہ میں قاضی — نا میں شور شراب
یہ مت پوچھو سچل کیا ہے — نام اس کا نایاب

بلبل کو بہرہ پہنچا آئی ہے رت بہاراں — فریاد وصل اسکی ہے مثل بے قراراں
میں نے یہ اس سے پوچھا عاشق ہے تو گلوں کا — یہ وصل ہے یا فرقت روتا ہے زار زاراں
منقار ہے گلوں پر پھر بھی ہیں لاکھ نالے — یہ کیا سبب ہے آخر حاصل ہیں گل ہزاراں
بلبل نے یہ بتایا اے عشق سے بے بہرہ — اس باغ میں نہیں ہے میرے لئے نگاراں
آئی نہ راس میری فریاد میرے گل کو
اس واسطے سچل میں چھوڑوں نہیں پکاراں

سچل سرمست کے اردو کلام کا کوئی الگ مجموعہ اب تک شائع نہیں ہوا۔ قاضی علی اکبر درازی نے روہڑی سے وحدت نامہ و ملت نامہ وغیرہ کتابچے شائع کئے ہیں۔ سندھی ادبی بورڈ سے رسالو سچل سندھی اور رسالو سچل سرائیکی کے علاوہ سچل سرمستؒ جو سرائیکی کلام شائع ہو چکے ہیں۔ مؤخر الذکر کتاب میں سچل سرمست کی پچاس اردو غزلیں بھی شامل کر دی گئی ہیں۔ لیکن اس پر قاضی علی اکبر کو بجا طور پر یہ اعتراض ہے۔ کہ سرائیکی کلام کے مرتب مولانا محمد صادق رانئے پوری نے کچھ الفاظ اور محاورات کو قدیم اور متروک سمجھ کر جدید الفاظ و محاورات سے بدل دیا ہے

اب حضرت سچل سرمست کے فارسی اور سندھی نمونہ کلام مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق ملاحظہ ہو

فارسی .... ؎ غریبی بے کسی شد مایۂ ما — کہ بالاتر نبود ایں پایۂ ما

؎ جہاں دل است کہ پر از خزینۂ عشق است ۔ دگر فنا است نگر ایں فنا نمی گردد

یک روز بہ پیر خود رسیدم — جز درد قصہ با نہ شنیدم
ہر گہ کہ بر من نظرہ کرے — ہر درد ہمی شوم بہ دردے
سرگم پیدا درون ایں کتاب — از زخمہ دل می کشم بروں شرب
ایں سخن کے شعر باشد اے پسر — ایں ہمہ ذکر است و آیات و خبر

ساقیا آں شراب انگوری — می خواہم کہ دوست صد دوری
لازوال است آں مئے وحدت — آں بنوشاں رموز مہجوری

آمدکرم در کار تو از ناچہ می جوئی دگر — جاں رفت در بازار تو از ناچہ می جوئی دگر
کار عجائب کردہ با غمزہ جانم بردہ — بر من ہنوز آوردہ از ناچہ می جوئی دگر
شب روز من درماندہ ام بر کوی تو سر دادہ ام — استادہ ام افتادہ ام از ناچہ می جوئی دگر
الحال بشنو نالہا کردم بنوبت سالہا — دا نوت بدل از نالہا از ناچہ می جوئی دگر

سندھی .... نالی سیتر سالکن — ایھا امانت عشق جی
یعنی فرشتوں کو بھی عشق کی وہ دولت میسر نہیں ۔ جو بطور امانت انہیں عطا کی گئی
حق انا الحق نی چیو — پر صحیح نظر منصور ہو
یعنی بظاہر دیکھنے میں منصور تھا ۔ ورنہ حق نے جو کہا تھا ۔ کہ میں حق ہوں
وڏي چيٺ وڻ تہ وڍائي جا — شو چوٹ م نا ہی تیں سی
یعنی شعر باعث شہرت و تکبر ہے ۔ تو اس کے سایہ دار درختوں کو کاٹ دیجئے

سرائیکی شاعری حقیقت یہ ہے کہ حضرت سچل سرمست ایک فطری شاعر تھے ۔ طبع بہت موزون پائی تھی ۔ روایات سے پتہ چلتا ہے کہ بیک وقت میں عام طور پر آپ جو شعر کہتے تھے آپ کے مرید اور عقیدتمند نوٹ کرتے جاتے تھے ۔ ایک بات جو خاص طور پر قابل لحاظ ہے ۔ وہ حضرت سچل کی موسیقی سے غیر معمولی دلچسپی ہے ۔ آپ کا سرائیکی کلام قریب قریب سارے کا سارا کسی نہ کسی دھن اور سُر کے مطابق کہا گیا ہے ۔ مولانا محمد صادق رانی پوری نے سندھی اور سرائیکی ادب کے طالب علموں پر احسان کیا ہے ۔ کہ ہر کافی کے ساتھ اسکے سُر اور موسیقی کی خاص دھن بھی درج کر دی ہے ۔ بالخصوص ان کے سرائیکی کلام کے مجموعے کے ساتھ

دوسری خصوصیت جو حضرت سچل سرمست کے سرائیکی کلام میں بدرجہ اتم موجود ہے ۔ ان کے جذبے کی حرارت ہے ۔ انہوں نے سرائیکی کلام میں بھی انتہائی جذبہ سے کام لیا ہے ۔ اس حقیقت کے باوجود کہ اس زبان میں آپ کے ذخیرہ کلام کا دو تہائی حصہ تصوف وحدت الوجودی خیالات کے بیان اور تشریح سے متعلق ہے ۔ آپ نے عام تلمیحات اور عام فہم تشبیہات سے آسان زبان اور سہل طریقہ اختیار کیا ہے

بہت سے مبصرین کا خیال ہے کہ [illegible] اور انتہا پسندانہ خیالات حضرت سچل سرمست کے وحدت الوجودی کے نظریے میں زیادہ [illegible] انہوں نے دوسرے ممتاز صوفی شعرا کی طرح وحدت الوجود [illegible] کی نمائندگی [illegible] انسان دوستی اور [illegible] رجائیت پیدا کر [illegible] مجموعہ بنایا

وفات آخری عمر میں بھی حضرت سچل کی صحت اچھی رہی ۔ مرض الموت کا آغاز [illegible] سے ہوا [illegible] یہاں تک کہ ۱۴ رمضان المبارک ۱۲۴۲ھ مطابق ۱۸۲۶ء کو نوے سال کی عمر میں انتقال فرمائے ۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

سندھ کے معروف سخنور بیدل فقیر نے ان کی رحلت پر فارسی اور سندھی میں تاریخ وفات

کہیں۔ فارسی قطعہ تاریخ ملاحظہ ہو

چو سالک بتجوزین عالم مجاز
سوئے آشیاں رفت چوں شاہباز
زہے صاحب وجد منصور وقت
کہ بے مثل بودہ بہ سوز و گداز
بہ ہنگامہ سرجوشی حالتش
نگاہش ہمی بود طالب نواز
بہ نیم التفاتی کزو یافتند
بہ یک لحظہ گشتہ راہ دراز
ز ہر دو جہاں دست شستہ آں کسے
ایشں محرم راز آں عشق باز
چوں شد جان او عازم وصل اصل
شنید ارجعی با ہزار عز و ناز
دلم جست سال وصالش نہاں
بگفتا کہ دریائے ذخار راز
۱۳۴۲ھ

ترجمہ :

۔ اے پروردگار! میں مسکین جس طرح کی بھی ہوں مجھ کمزور پر اپنے درگذر فرما
۔ خواہ میرا دامن میلا ہے۔ یا میں بے بضاعت ہوں۔ اسکے باوجود تیری مخلوق اور بندگی گزار ہوں
۔ میری غلطیوں اور کوتاہیوں سے صرف نظر کر۔ اور میرے عیبوں کی پردہ پوشی فرما
۔ آپ ہی کے در قدرت کی دست نگر ہوں۔ آپ ہی کی نظر کرم کی منتظر ہوں
۔ آپ کی ذات پردہ پوش ہے۔ میرے گناہوں کی تحقیق نہ فرما
۔ مجھ بدصورت کی کوتاہیوں کو برداشت کر۔ اور از راہ عنایت میری طرف آ
۔ مجھے اپنے حسن ازل کے شرف دیدار سے مشرف فرما۔ تاکہ میرے دکھ ختم ہوں

دُعا

ننگڑا نمانڑی دا — جیویں تیویں جولنڑا
میلی ہاں پامنڑی ہاں — بیشک تیڈی بندی ہاں
ڈھکیں میڈا ڈھولنڑا — میڈے عیب نہ پھولنڑا
پئی ہاں تیڈے پیارے — لگی ہاں تیڈے لارے
تیڈی ذات ستاری — ڈوہ نہ میڈے گولنڑا
نال کوجھی دے جالنڑا — اساں کنے دل آونڑا
یار سچل توں لہن کشالے
گھونگھٹ اپنا کھولنڑا

(سر سپاڑی)

نعت

کل نبیاں دا سرتاج محمدؐ
بحر خوف امواج محمدؐ
قاب قوسین او ادنیٰ
شرف شب معراج محمدؐ
امت تیری کیوں غم کھاوے
جیندی تیکوں لاج محمدؐ
سچل کوں غم کوئی ناہیں
لیتا لا محتاج محمدؐ

—

شمع شباہت رخ دی ڈٹھم شور گھتیندی شبی
نا مخلوق سڈیجے اس نوں رنگ سموا ربی
رومی نا ایرانی جانے رکھدا عزم عربی
سچل دا وچ ڈوھاں جہاناں مشکل حل مربی

(سر [illegible])

۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام انبیاء کے سرتاج ہیں۔ اور ان کی تعلیمات
خودشناسی اور خداشناسی کا ذریعہ ہیں
۔ نبی آخرالزمان پر معراج کی جو فضیلت ارزاں ہوئی وہ بے مثال ہے
جیسا کہ قرآن کریم میں مذکور ہے۔ سورہ والنجم ۔۹ صرف دو کمانوں کا فاصلہ رہ گیا
بلکہ اس سے بھی کم
۔ آپ کی امت مسلمہ کیوں غم کرے۔ کیونکہ خود آپ کو خیال ہے اسکا
۔ بچل کو بھی کوئی غم نہیں۔ کیونکہ آپ کی محبت نے اسے بھی ایک شان بے نیازی عطا کر دی ہے

(۲)

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے چہرہ انور کی شمع کا نور میں نے دیکھا ہے جس نے
تاریکیوں کو دور کر دیا ہے
۔ حضور کو خدا کی حقیقت سے کوئی نہیں جانتا۔ کیونکہ ان کی ذات میں تو صفات الٰہی کی جھلک
نظر آتی ہے۔
۔ حضور سرور کونین کے [illegible] ہیں۔ [illegible] ان کے اندر عالم غیب کے
عکاس ہیں
۔ حضور کی ذات اقدس بچل کیلئے دنیا و آخرت دونوں جہانوں میں مربی اور سرپرست کی ہے
اور مشکلات حل کرنے والی ہے۔

حسن و عشق

ڈوہڑے
کافیاں
سی حرفیاں
غزلیں

ڈوہڑے

(۱)

اکھیاں باز عقاب سوہنے دیاں شور گھتن شہ زوریاں
مست ہوون مستانیاں ڈوہیں ڈادھے کیف کٹوریاں
مثل ونج ڈدن مہتاب فی روشن یا وت نور کٹوریاں
خونی خون کریندیاں سچل تاں بھی سدا سگوریاں

(۲)

اکھیاں باز عقاب سوہنے دیاں کرن پروں پرواز وڈے
اگوں انہاں مشتاقاں دے ہوندے سو نیاز وڈے
بانہاں بدھ گھت گل وچ گاری کردے کھڑ ایلا زوڈے
تاں بھی سچل معشوقاں دے ہوسن غمزے ناز وڈے

(۳)

شیر اکھیں شہ زور سوہنے دیاں برچھیاں یا تلواراں
حاکم سخت حکومت والیاں سائیں آپ سنواریاں
مارن ملک دیس دا یار دقابض رہن قراریاں
کتنیاں ہیں بادشاہیاں ڈٹھیاں سچل انہاں اڈاریاں

ترجمہ :

(۱)

۔ محبوب کی آنکھیں عقاب اور باز کی طرح نگران اور شہ زور ہیں۔ یعنی ان آنکھوں کا حسن زور آور ہے
۔ ملکے بھورے رنگ کی ان آنکھوں میں بلا کی کیفیت ہے۔ اور ان دو آنکھوں میں مستی بھی بہت ہے
۔ جیسے دو چاند روشن ہیں یا نور کے پیالے ہیں
۔ اے سچل محبوب کی آنکھیں خون کرتی ہیں۔ تڑپاتی ہیں۔ اسکے باوجود سدا بہار ہیں اور تازہ ہیں

(۲)

۔ محبوب کی آنکھیں عقاب کی طرح ہیں۔ جو بہت بلند پرواز کرتے ہیں
۔ محبوب کی آنکھوں کے آگے عاشقوں اور مشتاقوں کو بے اندازہ نیاز کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے
۔ اس طرح گویا ان کے سامنے ہاتھ باندھ کر اور گلے میں اپنی صلیب ڈالے بے پناہ زاریاں کرتے ہیں
۔ اس کے باوجود اے سچل معشوقوں کے ناز و انداز اور غمزے بہت ہوتے ہیں

(۳)

۔ میرے محبوب کی آنکھیں بہت شہ زور اور برچھیوں اور تلواروں کی مانند ہیں
۔ یہ آنکھیں ایسے حاکم کی طرح ہیں جسکی حکومت بہت سخت ہے۔ انہیں قادر مطلق نے خود سنوارا ہے
۔ محبوب کی آنکھیں دوسرے ملک فتح کرتی ہیں۔ پھر ان ملکوں پر پوری طرح قابض ہو کر فرمانروائی کرتی ہیں
۔ اے سچل میں نے کتنی ہی ایسی بادشاہیاں دیکھی ہیں جنہیں ان آنکھوں نے زیر کرکے اڑا دیا

ڈوہڑے

(۴)

سوہنے دیاں ایہ ظالم اکھیں شیر وتن جھن شوری
شور گھتن شہزادیاں ڈو نھیں کیفی کیف ککوری
نینہ دے نیزے برچھیاں چاون یا وت جام کٹوری
کرن تاراج دلاں کوں سچل زور آور نال زوری

(۵)

شیر اکھیں دے غالب ہوندے اُتے شیر جنگل دے
شیر اکھیں توں کوئی نہ بچسی آسی وتج جنگل دے
جھنگ والا تاں مڑ ویندا ایہ کھڑ دا کان قتل دے
مارن باجھوں مشتاقاں دے سچل مول نہ ٹل دے

(۶)

اکھیاں عشق تے عشق نی ابرو مژگاں عشق بھوئی
جادوگر دا جادو ڈاڈھا سبھ نوں حیرت ہوئی
عاشق ڈیکھ حسن دے مرچے حال وجیندا اوئی
سچل تیر کماناں نازاں بچ نہ ویندا کوئی

ترجمہ :

(۴)

میرے محبوب کی ظالم آنکھیں دھاڑنے والے شیر کی طرح زور آور ہیں۔
یہ بھوری آنکھیں کیف ہائے دو نرم و نازک شہزادیوں کی طرح ہیں۔ جن کا ہر طرف شور اور شہرہ ہے۔
ان کے ہتھیار یا تو عشق کے نیزے اور برچھیاں ہیں۔ یا پھر محبت کے جام۔
اے سچل یہ اس قدر زور آور ہیں۔ کہ دل کی مملکت کو فتح کر کے برباد کر دیتی ہیں۔

(۵)

محبوب کی آنکھوں کے شیروں سے زیادہ طاقتور اور غالب ہوتے ہیں۔
یہ ایسے شکاری ہیں۔ کہ ان کے چنگل میں جو بھی آ گیا۔ وہ بچ نہیں سکے گا۔
جھنگ والا عاشق (رانجھا) تو واپس بھی چلا جاتا ہے۔ مگر محبوب کی آنکھیں ایک ایسے شیر کی مانند ہے۔
جو اے سچل عشاق لوگوں کو مارے بغیر کبھی نہیں ٹلتے۔

(۶)

آنکھیں سراپا عشق ہیں۔ عشق ابرو ہے۔ اور مژگاں بھی سراپا عشق ہی ہیں۔
یہ جادوگر کا جادو ہے۔ جس پر سب کو حیرت ہے۔
عاشق محبوب کے حسن کے انداز دیکھ کر اپنا حال تباہ کر لیتا ہے۔
اے سچل ناز و ادا کے تیر کمان کی زد سے بچ کر کوئی بھی نہیں جا سکتا۔

ڈوہڑے

(۷)

سوہنا یار خراماں آیا ناز غرور غمناز کنوں
ٹک کھڑے شہباز تے شکرے چیشماں دے پرواز کنوں
دہشت جھل نہ سگی باراں چھپ کھڑے آواز کنوں
عشق دی آیت پڑھی مشتاقاں حسن دے ایں بیاض کنوں

(۸)

مشتاقاں کوں یار سوہنے دیاں جھکن کریندیاں چھماں
ڈیکھ عشاق کبھی وقت اوہیں دم بھرڈے چاون ٹماں
حسن دی ہاک پئی وچ ہر جاہ کیا ایجھ کیا ہماں
سچل غریب کوں راتیں ڈینہاں غمزہ لایا غماں

(۹)

ہک ڈیہاڑے مار گھتوسے یار سوہنے دے لٹکے
ساہ سر روں اہے کڈھ نیتا چٹ پٹ تنہاں دے چٹکے
کون ہووے جو فوج حسن کوں آکے اگوں ہٹکے
سُدھ انہاں کوں سچل اتھاں جیہنم جنہاندی اٹکے

ترجمہ :

(۷)

میرا محبوب اپنے ناز و ادا کے ساتھ چلتا ہوا آیا ۔
اسکی آنکھوں کی چمک اور چہار طرف نگرانی کے سامنے عقاب اور شکرے کی ہوشیاری ماند تھی ۔
میرے محبوب کی آنکھوں کی چمک اور اثر کا سامنا عقاب تک نہیں کر سکتے ۔ اور وہ خاموش رہتے ہیں ۔
مشتاقان دیدنے حسن کی اس بیاض سے عشق کی آیت کا مطالعہ کیا ۔
سچل کو ان سب باتوں کا علم اسکے شہر دراز اشریف سے ہوا ۔

(۸)

عاشقوں کو محبوب کی دلنواز ادائیں نڈھال کر دیتی ہیں ۔
اور عشاق اپنے محبوب کو دیکھتے ہی اپنی زندگی سے بے پرواہ ہو جاتے ہیں ۔
میرے محبوب کے حسن کا شہرہ چار دانگ عالم ہے ۔ کیا مشرق اور کیا مغرب ۔
سچل غریب کو ان حسین اداؤں نے شب و روز کے غموں میں مبتلا کر دیا ۔

(۹)

ایک دن حسین محبوب کے غمزہ و ادا نے مار ہی ڈالا ۔
اسکی اداؤں نے جسم سے قریب روح کو نکال لیا ۔
کس کی مجال ہے ۔ کہ حسن کی اداؤں کی فوج کی یلغار کا راستہ روک سکے ۔
اے سچل اس کا اندازہ صرف انہی کو ہے ۔ جن کی آنکھیں عشق و محبت میں اٹک گئی ہیں ۔

(۱۰)

بانکے نین سپاہی لڑدے زوراں روز نہ ٹلدے
مشتاقاں دے وت مارن باجھوں پچھے موڑ نہ ولدے
خوش ہوون خونریزی کونوں چال ستم دی چلدے
نور پریاں ڈو نخیں شمعاں وانگوں لعل یاقوتی بلدے
عاشق یار بیچل نہیں کھڑدے اگوں اکھیں تے جلدے

(۱۱)

بانکے نین ٹھگن دے غالب ماروینڈے مشتاقاں
دلیاں لٹ نیون ہکواری کردے کم قزاقاں
ہانھ بدھ کھڑوتے اگوں صفاں صف عشاقاں
عشق والیاں دیاں ہردم بیچل وچ چمیجن خاکاں

(۱۲)

وقت نماز دیگر دے ڈٹھم واہ حسن دے چالے
پیچوں پیچ لٹکدے گل تے اکیس بشیہر کالے
ڈوجھے ڈیکھ حکومت شالے نین نواب نرالے
مژگاں تیر کماناں ابرو مارن کرن نہ ٹالے
کائی نہ رکھدے کہیں دی مست کرن متوالے
لعل لباں یاقوت رمانی عالی منصب والے
بیچل ڈیکھ انہاں دے اگوں کیتا حال حوالے

ترجمہ :-

(۱۰)

. بانکے نین ایسے جنگجو سپاہی کی طرح ہیں ۔ جو بڑی سے بڑی طاقت سے بھی نہیں رکتے
. صاحبان شوق کو مارے بغیر واپس نہیں آتے
. خون بہا کر خوش ہوتے ہیں ۔ اور اس ستم سے باز نہیں آتے
. محبوب کی آنکھیں روشنی کی دو پریاں ہیں ۔ یا شمعیں ہیں ۔ یا لعل و یاقوت ہیں ۔ جو روشن ہیں
. اے بیچل محبوب کی آنکھوں کے آگے عاشق بے بس ہیں ۔ اور اس روشنی کے سامنے ان کے چراغ نہیں جلتے

(۱۱)

. محبوب کی شوخ آنکھوں کا غلبہ عاشقوں کو نڈھال کر دیتا ہے
. یہ (سحر طراز) آنکھیں شیروں کا کام کرتی ہیں ۔ اور دلوں کو لوٹ لے جاتی ہیں
. اس (جادو) کے سامنے گویا عاشق بے بس ہیں ۔ اور ہاتھ باندھے کھڑے ہیں
. اے بیچل چاہئیے یہ ۔ کہ ہم اہل عشق کے قدموں کو جا کر چومیں

(۱۲)

. میں نے عصر کی نماز کے وقت حسن کا عجب دلفریب منظر دیکھا
. محبوب کی زلفوں کی لٹیں سیاہ سانپوں کی طرح اسکی گردن میں پڑی ہوئی ہیں
. دوسرے یہ کہ محبوب کی آنکھیں قدرت ۔ غلبہ اور تحکم کا انداز لئے ہوئے ہیں
. مژگاں گویا تیر ہیں ۔ ابرو کمان ہیں ۔ اور یہ مار ڈالنے سے ذرا بھی گریز نہیں کرتے
. ان کو کسی کی کوئی پرواہ نہیں ۔ یہ ایسے مست ہیں ۔ جو دوسروں کو متوالہ بناتے ہیں
. ہونٹ لعل یاقوت ہیں ۔ بیش بہا انمول ... اے بیچل دیکھ ہم نے اپنا جگر ان کے حوالے کر دیا ہے

(۱۳)

ڈٹھا ہیں رخسار سوہنے دا خوش خورشیدی خوبی
اکھیاں قاتل تیسوں قہاری مشعل منہ محبوبی
عشاقاں کوں آکرے اسیری عشق والی اسلوبی
نامخلوق اکھیجے سچل سارا رنگ ربوبی

(۱۴)

چمکن ، جھلکن ، جھمکن رخ تے واہ موتی دے دانڑے
ساگی صورت حق دی ڈیکھو جے کوئی آن سنجانے
جھلکن جوڑ جبین تے جادو یار سوہنڑے کوں بھانڑے
سچل قدر انہاں دا جانڑاں یا دت آپ او جانڑے

(۱۵)

چوڈس چندر ہے منہ محبوبی واہ وسیع پیشانی
ڈیکھن نال حیران ہوئے رنگ سارا رحمانی
جھلک اہندی کوں جھلے جو ہیوئی نور نشانی
سچل حسن حسیناں اتوں جان کیتی قربانی

ترجمہ :-

(۱۳)

. میں نے محبوب کا چہرہ دیکھا ہے ۔ سورج کی طرح روشن اور پُرنور ہے
. آنکھیں اسکی قاتل ہیں ۔ اور محبوب کے چہرے پر مشعلوں کی مانند ہیں
. عاشقوں کو اسیر کر لیتی ہیں ۔ اور ان کو عشق کے انداز سے زیر کرتی ہیں
. یہ حسن بے پناہ اس قدر اعلیٰ ہے ۔ کہ اسے مخلوق نہیں کہنا چاہیئے ۔ بلکہ یہ تو حسن ازل اور
حسن حقیقی کا ہی حصہ ہے ۔ اور اسی کا رنگ لیئے ہوئے ہے

(۱۴)

. محبوب کے روشن چہرے پر جواہر کے دانے چمکتے دمکتے اور جھلمل کرتے معلوم ہوتے ہیں
. اگر کوئی اس حسن کو پہچانے ۔ تو بالکل حسن حقیقی کا یہ پرتو ہے
. محبوب کی پیشانی پر جو روشنی کی جھلمل ہے ۔ اسکی پیشانی بہت وسیع ہے
. اے سچل اس محبوب کی قدر یا تو میں پہچانتا ہوں ۔ یا پھر وہ خود جانتا ہے

(۱۵)

. میرے محبوب کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح ہے ۔ اور اسکی پیشانی بہت وسیع ہے
. اس مجسمہ حسن کو دیکھ کر ہم حیران رہ گئے ۔ کیونکہ اس میں تو جمال الٰہی اور حسن رحمانی کی جھلک ہے
. اس کی چمک اور روشنی کو کون روک سکتا ہے ۔ کیونکہ چہرہ تو نور سے منور ہے
. اے سچل حسینوں کے حسن و جمال پر تو میں نے جان تک قربان کر دی ہے

(۱۶)

لعل یاقوتاں کوں شرماوے نرم لباس دی لالی
سرخی سوہنے واہ جو لائی ہوٹھ جیہے منصب عالی
لالے داغ رکھیا دل اتے ڈیکھ کے حسن دی چالی
مرکن نال جو محکم کیتس سچل مست موالی

(۱۷)

سرخ لباں ہن لعل رمانی یا یاقوت یمانی
موتی مونہہ اگوں شرمندے ہیرے تھیئے حیرانی
جھلک جھلک رخسار سوہنے دا پرتو نور پیشانی
سچل ڈیکھ تجلی منہ دا سوئی دل دیوانی

(۱۸)

جادو جوڑ جبین تے رکھیا سوہنے یار سجانے
ڈیکھ کئی حیران تھیئے او شاہ گدا تے سیانے
سچل عاشق تھیوݨ آشفتہ جا نہیں ملوانے

ترجمہ

(۱۶)

. محبوب کے نرم وگداز لباس کی سرخ رنگت سے لعل و یاقوت شرمارہے ہیں
. سرخی جو میرے محبوب نے ہونٹوں پر جمارکھی ہے . اس کا جمال بہت بلند منصب ہے .
. حسن کی یہ دلفریبی دیکھ کر لالے کے پھولوں میں رشک سے داغ پڑ گیا
. محبوب کی دلنواز ادا نے سچل کو بے خود اور مست بنا دیا

(۱۷)

. محبوب کے سرخ لب لعل یمن اور عمان کی طرح انمول ہیں
. اسکے چہرے کی تابانی کے سامنے جواہر اور ہیرے خجل اور بے اثر ہیں
. اسکے چہرے پر روشنی اور تابانی کی جگمگاہٹ نے اسکی پیشانی کو پرنور بنا دیا ہے
. اے سچل اپنے محبوب کے رخ کی اور روشنی دیکھ کر دل دیوانہ ہوگیا ہے

(۱۸)

. میرے محبوب پُرجمال نے اپنی پیشانی پر جادو کی کشش رکھی ہے
. بادشاہ ہو یا گدا جو بھی اسے دیکھے . اس حسن وجمال پر منہ تکتا رہ جاتا ہے
. اے سچل اس حسن وجمال کا عاشق زار ہونا ملاؤں کے بس کی بات نہیں

(۱۹)

سوہنا ناز غماز سیتی وہ چال عجائب چلے
شمس قمر شرمندے ہوئے مکھڑے ڈیکھ تجلے
کون دلیر جو ہووے اِتھاں تاب حُسن دی جھلے
وال وُھنیل کا ریہر کاے ول ول چھلے چھلے
روز ازل کنوں یار سچلؔ میں ہیم انہاندے پلے

(۲۰)

یار میڈا ہے یاقوتیں داوت لعلیں دا ونجارا
سرخی لعل لباں تے لاتُس کھلیا گل ہزارا
برگ دوپہری تھیا شرمندہ ڈیکھ عجائب سارا
سوہناشالا ہمیشہ ہووے سچلؔ باغ بہارا

(۲۱)

دل ول وال تے سو سو چھلے پھاہیاں جوڑ کھڑا لیس
سحر جادو منڈ ڈیکھ انہاں تے طرحیں طرح پڑھالیس
عشاقاں دیاں کردیں دوانیاں حکماں حکم پھسالیس
بھجے سچلؔ عاشق کیویں حُسن دی فوج چڑھالیس

ترجمہ

(۱۹)

. میرا محبوب ناز و ادا کے ساتھ عجب چال چلتا ہے
. سورج اور چاند اسکے چہرے کی تابانی کو دیکھ کر شرما جاتے ہیں
. ایسا کون دلاور ہوگا ۔ جو اس حسن بے حساب کی تاب لا سکے
. میرے اس مجسمۂ حسن محبوب کے سیاہ بل کھاتے ہوئے بال گھنگریالے ہیں
. اے سچلؔ میں روز ازل سے ہی اس مجموعۂ حسن محبوب کے بس میں ہوں

(۲۰)

. میرا محبوب یاقوت اور لعل و جواہر کا بیوپاری ہے
. اس نے اپنے لبوں پر سرخی اس طرح لگائی ہے ۔ جیسے شہر محبوب ہزارہ کا پھول کھل گیا ہو
. اس رنگ و روپ نے گل دوپہری کو شرمندہ کر دیا
. یارب میرے محبوب میں ہمیشہ کیلئے سدا سرسبزی اور شادمانی کی کیفیات پیدا کر ۔ وہ سدا باغ و بہار رہے

(۲۱)

. میرے محبوب نے اپنے سر کے بالوں کے ایسے چھلے بنا رکھے ہیں ۔ جیسے یہ پھانسی کے پھندے ہوں
. جادو اور سحر ہے ۔ کہ اسکے قبضۂ اثر میں ہے
. اس حُسن بے مثال نے عاشقوں کے دل دیوانے کر دیئے ہیں ۔ اور گویا حکماً ان کو اسیر کر لیا ہے
. اے سچلؔ عاشق بھاگ کر کہاں جا سکتا ہے ۔ کیونکہ اسکے حسن و جمال کی فوجوں نے ہر طرف
سے اہل دل کو محصور کر دیا ۔

(۲۲)

سوہݨیاں دے بݨ مژگاندی وہ ڈٹھم نیزے بازی
سینے مار تباہ کرن کرائیڈی دست درازی
عاشق جھل بگھی گھت کپڑا آپ تھیون ایلازی
ڈیون سر سچل آ ڈیکھݨ غمزے دے وِچ غازی

(۲۳)

مہندی لا ہتھاں کوں آندا سوہݨا بانہہ لڈا کے
جا توسے مشتاقاں کوں وت آیا آپ کہا کے
ڈو نہیں دستاں خون انہاندے وِچوں سرخ بنڑا کے
سبھ کوں آن ڈکھالݨ لگا سچل ہس الا کے

(۲۴)

سوہݨیاں نال میں سوہݨی ہوواں بن سوہݨیاں میں کوجھی
باجھ حسن ہوہو دی تھیوے دل ملول تے موجھی
سچل راہ ہزاراں وِچوں راہ لبھی میں سوجھی

ترجمہ

(۲۲)

میں نے اپنے محبوب کی مژگاں کی نیزہ بازی کا منظر دیکھا ہے
وہ نظر کے تیر سینے میں پیوست کر کے گھائل کر دیتے ہیں۔ اور اس دست درازی
سے باز نہیں آتے
عاشق صاحبان عرض نیاز کے طور پر اپنی گردن میں کپڑا ڈال کر انتہائی بے چارگی اور زاری کا اظہار کرتے ہیں
اے سچل بہادر غازی بھی اگر حسن و جمال کے ان مناظر کو دیکھیں۔ تو اپنا سر قربان کرنے پر تیار ہو جائینگے

(۲۳)

محبوب اپنے ہاتھوں کو مہندی لگا کر اور بازو لٹکاتا ہوا آتا ہے
ہم سمجھتے ہیں۔ کہ اس ادا سے گویا مشتاق ذبح ہو ہو جاتے ہیں
اس طرح عاشق کے ہوئے دونو ہاتھ سرخ ہوتے ہیں
صاحب حسن و جمال محبوب کی سادگی ملاحظہ ہو۔ کہ وہ اپنے ہاتھوں کی مہندی ہنس ہنس کر خود ہی
دکھا بھی رہا ہے۔ حالانکہ ان سے عاشقوں کے دل ٹوٹ گئے ہیں

(۲۴)

میں محبوب حسینوں کے ساتھ بھلی لگتی ہوں۔ ان کے بغیر میں بدصورت ہوں
حسن کے بغیر بدنامی بھی ہوتی ہے۔ اور دل بھی ملول اور اداس رہتی ہے
اے سچل یہ حسن پرستی کی راہ میں ہزار راستوں میں۔ صحیح دیکھ کر پسند کی ہے

(۲۵)

سوہنا یار ہمیشہ ساڈے نال بھی کھلدا ہسدا
ہک دم دور نہ تھیوے ساتھوں وچ اکھیں دے وسدا
بیا کوئی کم نہ جانے ہرگز کھل کھل دلڑی کھسدا
نہیں نبھاہ اساں نال سچل گالھ اہائی ڈسدا

(۲۶)

عشق لگا گھر وسر گیو سے مطلب سدھ تھیوے
حاصل آ تھیوے سارا جو کجھ آپ منگیوے
سود زیاں کنوں میاں سچل ہن تاں چھٹ پیوسے

(۲۷)

یار ساڈا ہر صورت دے وچ نال سبھاں رل وینداں
کنھاں دے نال ہمیشہ ہوندا کنھاں کنوں چل ویندا
ملیھی یار کنھاں نال بہندا ڈیکھ کنھاں ول ویندا
عاشق جھر جھر وجن اتھاں جیویں برف کرا گل ویندا
بجھ دا تاب نکھیرا سچل کوئی کوئی جھل ویندا

ترجمہ:

(۲۵)

. صاحب حُسن محبوب ہمیشہ ہی ہمارے ساتھ ہنسی خوشی بات کرتا ہے
. وہ ایک پل بھی ہم سے دور نہیں ہوتا اور ہر وقت میری آنکھوں میں بستا ہے
. وہ اور کوئی کام نہیں جانتا . بس ہنس ہنس کر دل چھینتا ہے
. اے سچل بس وہ یہی بات بتاتا ہے . کہ سچل ہمارے ساتھ نبھاہ نہیں

(۲۶)

. ہم عشق میں مبتلائے عشق ہوئے تو گھر بھول گیا . اور مطلب ملا
. بالآخر وہ منزل مل ہی گئی جسکی طلب ہم نے کی تھی
. اے سچل وہ یوں . کہ اب نفع نقصان کے فرق سے بے نیاز ہوگئے ہیں

(۲۷)

. ہمارا محبوب حسین سب کے ساتھ عجب طرح وابستہ ہے
. کچھ لوگوں کے ساتھ ہمیشہ ہوتا ہے . اور کچھ سے جدا ہو جاتا ہے
. بعض کے ساتھ تو آرام سے نشست کرتا ہے . اور کچھ کو دیکھ کر ہی چلا جاتا ہے
. محبوب کے حسن و جمال کے سامنے عاشق اس طرح گھُل جاتے ہیں . جیسے برف کے
اولے پگھل جاتے ہیں
. اے سچل سورج کی گرمی تیز ہے جسے کوئی صاحب دل ہی برداشت کرسکتا ہے

(۲۸)

سوہݨے ڈیاں سوت سوہݨیاں گالھیں یاد ویندیاں میکوں آندیاں
رو رو حال وڃاڑاں سارا درد بھی دل کوں لاندیاں
سچل بانھ لڈا جو آندا اوہے گھڑیاں میکوں بھاندیاں

(۲۹)

سوہݨی صورت یار سوہݨے دی ڈٹھم جو ہک ڈیہاڑے
دست کیتیں تلوار برہ دی مارے وت الارے
کھڑے رہن بدھ بانھاں اگوں عاشق وچ نظارے
روبرو معشوقاں سچل ڈیندے سر بے چارے

(۳۰)

غازیاں نوں غم کیہا یارو سر دا سانگ نہ کردے
وچ میدان محبت والے مردانے تھی مردے
نال اُنہاں دے تھیوے نہ یارا جو ہوون بے دردے
سچل عاشق اینویں سنجاپن رو جنہاندے زردے

ترجمہ

(۲۸)

۔ میرے خوبصورت دوست کی خوبصورت یادیں جب بھی آتی ہیں
۔ میں رو رو کر اپنا حال خراب کر لیتی ہوں
۔ اور یہ یادیں دل کو درد دیتی ہیں
۔ اے سچل میرا محبوب بازو ہلاتا ہوا جب آتا ہے۔ تو مجھے یہ منظر بہت اچھا لگتا ہے

(۲۹)

۔ میں نے ایک دن اپنے محبوب کی صورت دیکھی
۔ اسکے ہاتھ میں گویا فراق کی تلوار ہے۔ جسکے ساتھ وہ قتل کرتا ہے
۔ بارگاہِ حسن میں عاشق دست بستہ کھڑے رہتے ہیں
۔ اے سچل معشوق بارگاہِ حسن میں جان کی قربانی دے دیتے ہیں

(۳۰)

۔ دوستو: غازیوں کو کونسا غم ہے۔ وہ تو سر کی بازی لگانے سے نہیں چوکتے
۔ محبت کے میدان میں عاشق مردانہ وار قربانی دیتے ہیں
۔ ایسے لوگوں کے ساتھ کبھی نہ ہو۔ جو بے درد اور سنگدل ہوں
۔ اے سچل عاشق صرف اسی طرح پہچان لئے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان کے چہرے زرد ہوتے ہیں

(۳۱)

اساں مسافر ڈھگ نہ سوہنا عاشق ہیوں دم دے
ہاں بے پچھوں ڈیویں اساکوں نت نت غمزے غمدے
کیا مینکوں آکھیں دل دل تساں نہیں ساڈے کم دے
سچل یار سوہنے دے ہوندے ایڈے کم ستم دے

(۳۲)

ڈیکھ کے حسن سوہنے دا زاہد پڑھدا حسبی حسبی
ڈٹھس زمین تے دم ترت ہتھوں سا دی سادی تسبی
سچل کھڑا اتھ تسبیح والا کوبل نہ کھڑدا کسبی

(۳۳)

حسن دے جوہر کارے چڑھدے بانکے نین سپاہی
شہر دلیں دا لٹ کے نیوں ڈیندا عشق گواہی
عشاقاں تے سر چڑھ آوے فوج حسن دی شاہی
سچل نمانے داتوں جگ دچہ پردہ رکھیں الٰہی

ترجمہ

(۳۱)

. اے میرے حسین محبوب ہم مسافر ہیں . تجھ پر فدا ہیں ہم سے دغا نہ کرنا
. آپ مجھے اپنی اداؤں کے ساتھ یکے بعد دیگرے غم دے رہے ہیں
. آپ مجھے بار بار کیوں کہتے ہیں . کہ تم کسی کام کے نہیں ہو
. اے سچل جمالِ یار کے ہاتھوں اس قدر ستم ہمارے ساتھ ہو رہے ہیں

(۳۲)

. محبوب کے جلوہ حسن کو دیکھ کر حسبی اللہ پڑھتا ہے
. محبوب کو دیکھتے ہی اسکی سبز رنگ تسبیح زمین پر گر پڑی
. اے سچل جہاں حسن حقیقت کا مظہر ہو . وہاں ریاکاروں کا کیا کام

(۳۳)

. بانکے نین دراصل حسن کے ہرکارے ہیں . جو پہلے حملہ کرتے ہیں
. دلوں کے شہر لوٹ کرے جاتے ہیں . عشق اس واردات کا گواہ ہے
. فوج حسن کا غلبہ عاشقوں کے سر چڑھ آتا ہے
. الٰہی ! دنیا میں تو سچل بے چارہ کا پردہ رکھ لینا

(۳۴)

سوہنا سائیں بخش اساکوں جو کوئی ڈوہ کیتوسے
نام خدا دے عفو کریں جو تیڈے نینہ نیتوسے
پلو تساڈا روز ازل کنوں دلبر دست لیتوسے
اپنا جان ڈیچل کوں سوہنا تیکوں پلو گھیتوسے

(۳۵)

یار سوہنا شل ہووے ہمیشہ نو بنو تازہ بتازا
روبرو اوہندے بہندے اساں مل کر شہر درازا
پو گیا تہاں دا شہراں شہرہ حسن والا آوازہ
نال سچل دے کڈاں نہ ہوندا بانکا بے نیازا

(۳۶)

سوہنے دے شل باغ حسن کوں کو باد نہ لگے
ہن دے عاشق اساں بھی نے عشق لاتوسے اگے
صورت سوہنی ڈیکھن نالے تن سچل دا تگے

ترجمہ

(۳۴)

۔ اے صاحب جمال! ہم سے جو بھی تقصیر ہوئی ہے۔ معاف کردے
۔ اللہ کے نام پر درگذر کرنا کیونکہ ہم نے تری بارگاہ حسن سے عشق کی نیت کی ہے
۔ روز ازل سے دوست آپ کا دامن ہم نے پکڑا ہے
۔ سچل کو اپنا شمار فرمایئے۔ کیونکہ آپ ہی کے دامن سے وابستگی اختیار کی ہے

(۳۵)

۔ میرا محبوب خدا کرے ہمیشہ سرسبز اور نوبہار و ترو تازہ رہے
۔ ہم اپنے محبوب کے سامنے شہر دراز میں بیٹھے ہیں
۔ آپ کے حسن کا شہرہ شہر شہر ہو گیا ہے۔ آپ کے حسن کا ڈنکا بج گیا ہے
۔ سچل کے ساتھ وہ حسن کا ں کبھی بے نیازی سے پیش نہیں آیا

(۳۶)

۔ خدا کرے موجب باغ حسن کو کبھی گرم ہوا نہ لگے
۔ ہم بھی کوئی نئے عاشق نہیں۔ بہت پہلے کیفیت عشق سے وابستہ ہوئے تھے
۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ حسن کے یہ مناظر دیکھ کر ہی سچل کی جان بن جاتی ہے۔ اور وہ جی رہا ہے

(۳۷)

سوہݨے دے شل باغ حسن کوں نہ لگے باد خزانی
ہووے شان ہمیشہ تازہ جوبن جوڑ جوانی
سچل دلبر ساڈا آہا سارا رنگ ربانی

(۳۸)

سوہݨے گل اساڈے کوں کڈاں باد خزاں نہیں لگدا
ڈیکھݨ دے وچ تازہ بتازہ روح اساڈا تگدا
اہیں باجھوں کوئی سمجھے سچل نیش کوئی جیون جگدا

(۳۹)

امن دے وچ اکھ یار سوہݨے دی اللہ سنگت ساری
تنہن دے نال اساڈی آہی یکدل یارب یاری
دوستی دے وچ پچھیں جے میں کن سچل آکھݨ بچاری

ترجمہ :-

(۳۷)

. میرے صاحب جمال کے گلستان حسن کو خدا کرے خزاں کی ہوا نہ لگے
. خدا کرے میرے محبوب کا حسن و شباب ہمیشہ تازہ رہے
. اے سچل ہمارا محبوب اپنے حسن میں رنگ الٰہی کا مظہر ہے

(۳۸)

. میرا محبوب ایک ایسا پھول ہے ۔ جسے خزاں کی ہوا نہیں لگی
. اسے تازہ اور شاداب دیکھ کر میری روح کو توانائی حاصل ہوتی ہے
. اگر کوئی غور کرے ۔ تو اسے سچل معلوم ہوگا ۔ (عشق یا لگن کے بغیر) دنیا میں
زندگی بے سود ہے

(۳۹)

. سکون حاصل ہو ۔ تو محبوب کی آنکھ خدا کی بے نظیر تخلیق نظر آتی ہے
. اے پروردگار ترے حضور ہی وابستگی ہے
. اس دوستی میں اگر مجھ سے پوچھو ۔ تو اے سچل سچائی کو ملحوظ رکھنا ہی بنیادی بات ہے

حُسن وعِشق

کافیاں

کافیاں

(۱)

سوہنے نال اساڈیاں اکھیاں اڑکن ہو اڑکن
بار برہ دے دردمنداں دے جھڑکن ہو جھڑکن
غمزے یار سجن دے دو کڑکن ہو کڑکن
وزنیڈے تے عاشق شودے پھڑکن ہو پھڑکن
سوز تیڈے توں برہوں ڈاڈے تڑکن ہو تڑکن
عاشقاں دے سر سولی تے لڑکن ہو لڑکن
بھاہیں سچل میڈے دل وچ بھڑکن ہو بھڑکن

(سُرجوگ)

ترجمہ :-

(۱)

